جماعت: سوم　　　　اردو　　　　2024-25

## اطلاقی گرامر: تصویری کہانی

**ورک شیٹ: 4**

سرگرمی: کالم الف میں دی گئی تصاویر لائن لگا کر کالم ب میں جملوں سے ملائیے اور کہانی ترتیب دیجیے۔

### عنوان: جھوٹ کی سزا

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
|  | جب اس کی بھیڑیں گھاس چرنے لگیں تو وہ ایک پتھر پر بیٹھ گیا۔ کافی دیر وہاں بیٹھے بیٹھے وہ اکتا گیا۔ |
|  | گاؤں والوں نے اس کا شور سنا تو سب اپنے ڈنڈے لے کر اس کی مدد کرنے آ گئے۔ عامر نے جب انھیں پریشان دیکھا تو زور زور سے ہنسنے لگا۔ گاؤں والوں کو اُس کی اِس حرکت پر بہت غصّہ آیا۔ |
|  | کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ کسی گاؤں میں ایک لڑکا رہتا تھا۔ اس کا نام عامر تھا۔ وہ بھیڑیں چراتا تھا۔ ایک دن وہ اپنی بھیڑیں چرانے کے لیے گیا۔ |
|  | اسے شرارت سوجھی۔ وہ ایک درخت پر چڑھ گیا اور زور زور سے چلّانے لگا: "بچاؤ بچاؤ بھیڑیا آ گیا ہے۔ یہ میری ساری بھیڑیں کھا جائے گا۔" |

LIVEWORKSHEETS




عامر ایک درخت کے پیچھے چھپ گیا اور گاؤں والوں کو اِس طرح پریشان دیکھ کر خوش ہوتا رہا۔




کچھ دن بعد اسے پھر شرارت سوجھی اور وہ درخت پر چڑھ کر چلّانے لگا: ”بچاؤ بچاؤ بھیڑیا آگیا ہے۔“




ایک دن سچ مچ بھیڑیا آگیا۔ اُس دن عامر زور زور سے مدد کے لیے چلّایا مگر کوئی مدد کے لیے نہ آیا۔ بھیڑیا اُس کی تمام بھیڑیں کھا گیا۔




اس بار پھر گاؤں والے اس کی مدد کے لیے دوڑے۔

## سرگرمی نمبر:2 درست نتیجے کا انتخاب کیجیے۔

ہمیں جھوٹ نہیں بولنا چاہیے۔

ہمیں سخت محنت کرنی چاہیے۔

LIVEWORKSHEETS